دارالافتاء اہلسنت
Dar-ul-ifta Ahl-e-Sunnat

عصر کی نماز پڑھتے ہوئے سورج غروب ہو جائے، تو۔۔۔

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلے کے بارے میں کہ عصر کی نماز پڑھتے ہوئے اگر سورج غروب ہو جائے تو نماز کا کیا حکم ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عصر کی نماز کے دوران اگر سورج غروب ہو جائے، تو بھی عصر کی نماز ہو جاتی ہے، کیونکہ بعد والا وقت کامل نماز کا وقت ہے، البتہ یہ یاد رہے کہ عصر کی نماز کو بلا وجہِ شرعی اتنی تاخیر سے پڑھنا کہ مکروہ وقت شروع ہو جائے، یہ ناجائز و گناہ ہے اور اسے منافق کی نماز قرار دیا گیا ہے، لیکن اس وجہ سے قضا کرنے کی اجازت نہیں، بلکہ حکم یہی ہے کہ اس دن کی عصر کی نماز مکروہ وقت میں ہی پڑھ لے۔

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

ابو حذیفہ محمد شفیق عطاری مدنی

10 جمادی الثانی 1440ھ/14 فروری 2019ء

الجواب صحیح

ابو الصالح محمد قاسم قادری